سیرت حضرت عائشہؓ

سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۳۳

''بے شک اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی گھر والو تمہیں ہر ناپاک سے دور کردے اور تمہیں اس طرح پاک کردے جیسے پاک ہونے کا حق ہے۔''

آج جس دور میں ہم جی رہے ہیں برائیوں کا اور اس وقت جو اخلاقی حالات ہیں۔ جو گھروں کے لوگوں کے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عورتوں کا آدھا حصہ ہے مرد بھی ذمے دار ہے لیکن عورت بھی اسی طرح ہی ذمے دار ہے جس طرح مرد ہے تو یہ دیکھنا ہوگا کہ شائد ہماری عورتوں کے پاس کوئی ایسا نمونہ نہیں جس کو وہ دیکھ کر اپنی زندگی گزار سکیں شائد ان کو کوئی ایسی شے نہ تو پڑھائی گئی ہے نہ تو سیکھائی گئی ہے نہ ان کو کوئی ایسی سیرت کا پتہ ہے جو ایک پرفیکٹ وومن کی ہوتی ہے ایک مکمل عورت کا ایک نقشہ ہے۔ وہ ہماری بچیوں ہماری بیٹیوں ہماری عورتوں کے سامنے نہیں ہے یہی وجہ ہے۔ وہ دھندلی زندگی گزارتی ہیں اور انھیں علم ہی نہیں ہوتا کہ پرفیکشن کسے کہتے ہیں ایک مکمل زندگی کسے کہا جاتا ہے یہ وہ ایک وجہ ہے کہ ہماری خواتین چونکہ نابلد ہیں تو اس لیے حضرت عائشہؓ ایک ایسا خوبصورت باب ہے۔ جس میں ایک خاتون کے بچپن سے لے کر جوانی سے گزرتے ہوئے شادی سے لے کر آگے پھر بڑھاپے تک کی تمام معلومات احسن انداز میں جمع ہوگئی ہیں۔ یہ سیرت حضرت عائشہؓ کا کمال ہے کہ آپ کے اندر ایک بچی کو بھی ہدایت ملتی ہے جو ابھی چند سالوں کی ہے اور آپ ایک لڑکی دس بارہ سال کی ہو چکی اس کے لیے بھی ہدایت ہے ایک نوجوان لڑکی جو شادی کی عمر کو پہنچ چکی اس کے لیے بھی ہدایت ہے یہاں تک کہ ایک نوعمر لڑکی جس کی ابھی شادی ہوئی اس کے لیے بھی ہدایت ہے اس کے بعد آپ کی زندگی شادی کے بعد شادی شدہ عورتوں کے لیے ہدایت ہے اور پھر جب آپ بیوہ ہوگئیں حضور علیہ السلام کا جب وصال ہو گیا اس کے بعد بیوگی کی حالت میں بھی عورتوں کے لیے راہ ہدایت ہے تو اس لیے یہ چیز بہت محسوس کی گئی اس کی کمی بہت زیادہ ہے کہ حضرت عائشہؓ کا ذکر بہت کم ہوتا ہے۔ اس وجہ سے ہماری بچیوں و مکمل نالج نہیں آپ کی زندگی اتنی خوبصورت اور اعلی ہے۔

سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۳۳

''بے شک اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی گھر والو تمہیں ہر ناپاک سے دور کردے اور تمہیں اس طرح پاک کردے جیسے پاک ہونے کا حق ہے''۔

شان نزول

حضرت عائشہ صدیقہؓ کی شان

یہ آیت کا ایک شان نزول حضرت عائشہؓ کی طرف ہے مفسرین کہتے ہیں۔ یہ آیت حضرت عائشہؓ کی شان میں اتری ہے۔ حضرت عائشہؓ ''عائشہ'' نام ہے ''صدیقہ'' لقب ہے ام المومنین خطاب ہے ''ام عبداللہ'' کنیت ہے ''حمیرا'' بھی لقب ہے یہ آپ کا مختصر سا تعارف ہے والد کا نام ''عبداللہ'' یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ آپ کا نام عبداللہ ہے والدہ کا نام ''ام رومان'' ہے۔ آپ ساتھویں پشت میں حضور علیہ السلام کے ساتھ جا ملتی ہیں یعنی آپ کا جو سلسلہ نعصب ہے۔ وہ ساتھویں پشت میں پیچھے جائے تو حضور علیہ السلام کے سلسلہ نعصب سے مل جاتا ہے۔ آپ کی ولادت با سعادت حضور علیہ السلام کی نبوت کے پانچویں سال ہوئی یعنی تقریبا حضور کی عمر مبارک پنتالیس برس تھی۔ جب آپ پیدا ہوتی ہیں ولادت ہوتی ہے۔ چھ برس کی عمر میں آپ کی رخصتی ہوئی اور آپ کی باقاعدہ سادگی سے رخصتی عمل میں لائی گئی۔ بعض روایات میں آتا ہے کہ حضرت خدیجہؓ کے وصال کے تین برس بعد آپ کے نکاح کا عمل سرانجام ہوا اور یہ جو نکاح ہوا حضور علیہ السلام نے حضرت خدیجہؓ کی ساری زندگی میں دوسرا نکاح نہیں فرمایا جب تک آپ حیات رہی آقاﷺ نے دوسرا نکاح نہیں کیا یہ آپ کی حضرت خدیجہؓ سے بے انتہا محبت اور بے انتہا الفت کی دلیل ہے تو آپ سے شدید محبت کا ایک انداز یہ بھی تھا کہ حضور نے ساری زندگی دوسرا نکاح نہیں کیا جب تک حضرت خدیجہؓ زندہ رہی تو جب آپ وصال کر گئیں ذہر ہے حضور علیہ السلام کے لیے سخت تکلیف کا معاملہ تھا اور اس سال کو عام الحزن کہتے ہیں جس سال حضرت خدیجہؓ کا وصال ہو یہ آپ کی وہ ذوجہ ہیں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہر مشکل میں ہر پریشانی میں ہر دکھ میں ہر آزمائش میں پورا اتری ہیں اور حضورﷺ کا اتنا ساتھ دیا کہ جس کی کوئی مثال کوئی لفظ نہیں ہے جو حضرت خدیجہؓ کے ساتھ کے حوالے سے بیان کیے جائیں تو حضورﷺ نے بھی انھیں بڑا صلہ عطا کیا اور ساری زندگی آپ کی جب تک آپ موجود رہی دوسری شادی نہیں فرمائی حالانکہ عربوں میں شادیاں کرنا عام ہے لیکن آپ نے ایسا نہیں فرمایا جب آپ کا وصال ہوا تو حضورﷺ آپ کے جانے کے بعد غمگین رہتے آپ کے چہرے کے ایثار صحابہ نے دیکھے تو حضرت حولہؓ نے حضور علیہ السلام سے عرض کی تھی کہ حضور میرا ایک مشورہ اگر آپ قبول کیجئے کہ میں چاہتی ہوں کہ آپ شادی فرمائیں اب تو فرمایا تمہارا خیال کس کے ساتھ ہے تو فرمایا ایک تو سودا ہیں حضرت سودا جو کہ بعد میں حضور کی زوجہ بھی اللہ نے آپ کو بنایا اور دوسرا فرمایا کہ ابوبکرؓ کی بیٹی عائشہ ہے تو حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا

کہ عائشہ کے لیے تم میرا پیغام بھیجو تو حضرت حولہ بھی حضرت ابوبکرؓ سے ملتی ہیں اور جا کے حضور علیہ السلام کی طرف سے پیغام دیتی ہیں کہ حضور علیہ السلام نے حضرت عائشہؓ کے لیے شادی کا پیغام بھیجا ہے

حضرت ابوبکرؓ ارشاد فرماتے ہیں

کہ یہ کیسے ہوسکتا میں چونکہ حضور علیہ السلام کا بھائی ہوں یعنی بھائی ہیں ہم چونکہ ہم بھائی بھائی ہیں میری بیٹی ان کی بھتیجی ہوئی تو بھتیجی کی شادی کیسے ہوسکتی ہے چچا کے ساتھ تو اب یہ شک چونکہ ذہن میں تھا تو حضرت حولہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی فرمایا وہ تو یہ کہہ رہے ہیں ایک بھتیجی کی شادی چچا کے ساتھ نہیں ہوسکتی فرمایا کہ نہیں وہ دینی بھائی ہیں میں ان کا کوئی نسبی بھائی نہیں ہوں ہم دینی بھائی ہیں اور دینی بھائیوں میں شادی ہوجاتی ہے تو حضرت صدیق اکبرؓ نے فورا عمدگی کا اظہار کر دیا فرمایا اس سے بڑی میری کیا سعادت ہے کہ میری صاحبزادی آپ کے نکاح میں آئے حضور علیہ السلام خود فرماتے ہیں۔

کہ میں نے خواب دیکھا ایک فرشتہ میرے پاس آیا ہے اور اس نے آ کے مجھے ایک لپٹی ہوئی چیز لکڑی کی ہے اور وہ بڑی نورانی سا رومال ہے جس میں وہ فرشتہ کہہ رہا ہے کہ یہ اللہ کی طرف ہے آپ کو یہ تحفہ ہے تو میں جب وہ چیز لیتا ہوں اس کو ہاتھوں میں تو جب اس کو کھولتا ہوں تو وہ حضرت عائشہؓ کی تصویر ہے تو اس سے مجھے یہ چیز مجھے سمجھ میں آ گئی کہ یقیناً حضرت عائشہؓ اللہ نے میرے لیے چنی ہے۔اللہ اکبر

حضرت عائشہؓ کا نکاح مبارک

سادگی سے نکاح ہوا حضور علیہ السلام کا نکاح حضرت عائشہؓ کے ساتھ حضرت ابو بکر نے پڑھایا تھا حضرت صدیق اکبرؓ نے نکاح پڑھایا اور حضور علیہ السلام کا سادگی سے نکاح ہوا رخصتی ابھی عمل میں نہیں لائی گئی تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ اسی دوران ہجرت ہوئی ہجرت مدینہ میں ہوئی آپ مدینہ تشریف لے گئے۔حضرت عائشہؓ بھی مدینہ آ گئی اور یہاں آ کے بیمار ہو گئی کہ مدینہ کی فضا بہت سارے صحابہ کو اس نہیں آئی تھی چونکہ نئے آئے تھے مکہ میں موسم اور ہوتا ہے مدینہ میں آپ جانتے ہیں مدینہ میں موسم فرق ہے صحابہ کو موسم کی وجہ سے بیماری کے معاملات کا سامنا کرنا پڑا حضرت عائشہؓ بھی بیمار ہو گئیں تو حضرت ابو بکر آپ کی خدمت میں خود تشریف لائے آقا ﷺ سے عرض کی کہ آپ اپنی بیوی کو اپنے گھر لے ہی آئیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس مہر دینے کے لیے اب کوئی شے نہیں چونکہ ابھی ہجرت ہوئی تھی اور ابھی حالات اس طرح سنبھلے نہیں تھے

قابل غور بات

صدیق اکبرؓ نے کہا

حضور آپ کا مہر بھی میں ہی دوں گا میں ہی ادا کر دیتا ہوں تو آپ نے حضور ﷺ کو ادا کیا اور حضور ﷺ نے حضرت عائشہ کی خدمت میں وہ بجھوا دیا اور پھر آپ کی رخصتی عمل میں لائی گئی۔ چند انصار کی خواتین صدیق اکبرؓ کے حجرے میں آئیں اور وہاں سے دولہن بنا کر آپ کو حضور کے حجرے میں لایا گیا تو آقا ﷺ کے اس وقت جو حالات تھے تازی ہجرت تھی کوئی شے کھانے کو نہ تھی سوائے دودھ کے ایک پیالے کے اور دہی کے ایک پیالے کے حضور ﷺ کو پیش کیا گیا آقا ﷺ نے اس کو تھوڑا سا پیا اور پھر حضرت عائشہؓ کو دے دیا حضرت عائشہؓ نے تھوڑا سا پیا اور باقیوں کو دے دیا انصار کی خواتین نے بھی وہی دودھ کا پیالہ پیا اور اس طرح یہ رخصتی مکمل ہوئی آپ اندازہ کیجئے کہ اس کائنات کی شہزادی اور اس کائنات کے محبوب کی وہ زوجہ جس کو سب سے زیادہ حضور ارشاد فرماتے ہیں۔

حضرت خدیجہؓ کے بعد جس سے سب سے زیادہ محبت ہے اس کی شادی کس قدر سادگی سے انجام پاتی ہے۔یہ ہم سب کے لیے مشغل راہ ہے۔ہمارے آج کے دور کے لیے تنبیہ بھی ہے کہ ہم نے جو حالات پیدا کر دیئے اپنے بچوں کے لیے اور ظلم کیا اپنے ہاتھوں سے اپنا گلا گھوٹنا ہے وہ کوئی آپ اور مجھ سے پوشیدہ نہیں ہے جو میں عرض کر رہا ہوں یہ سیرت سے تاریخ ہے یہ کوئی بدل نہیں سکتا اور یہ ہم لوگوں کے لیے مشغل راہ ہوتی ہیں آئندہ زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے ہوتی ہیں۔دیکھوں تمہارے کنبار تھے تمہارے جو اصلاف تھے تمہارے بزرگ تھے ان کی زندگیاں دیکھوں کیسی ہیں اور تم نے اپنے لیے کیا پھندے بنا لیے ہیں جان بوجھ کر بندہ اپنے اوپر ڈال لے اس سے بڑا جاہل اور بے وقوف کون ہوگا تو انسان اس طرح جب سے یہ ہوا کام خراب ہو گیا بچیاں گھروں میں جو ہے بوڑھی ہونے لگی اور کئی کئی عرصہ گزر جاتا ہے اس لیے میں زرہ جہیز بنالوں میں روٹی کے لیے پیسے اکٹھے کرلوں ٹھیک ہے پھر جب تیرے سامنے سیرت موجود ہے تو اللہ کی قسم اور اگر انسان نیت کرے اور کہے مولا میں تیرے نبی کی سیرت پر اور تیرے نبی کی بیویوں کی سیرت پر عمل کرنا چاہتی ہوں میرے لیے حالات پیدا کر دے میں عرض کیا کروں اللہ اس کے لیے حالات پیدا کر دیتا ہے اس کو آسانی پیدا ہو جاتی ہے چونکہ ہم اندر سے گھوٹے اور گندے لوگ ہیں ہم اندر سے ہی بے نیت ہے لہذا پر ہم نہیں چاہتے کہ ایسا ہو میری شادی بڑی دھوم دھام سے ہونی چاہیے لوگوں کو پتہ چلے کہ میرے بچوں کی شادی ہوئی تو ٹھیک ہے پھر اپنے گلوں پر پھندے ڈالتے جاؤں کون منع کر رہا ہے لگاؤ کنویں میں چھلانک موت یقینی ہے تو سادگی سے یہ سارے کام سرانجام فرماتے ہیں۔حضور نے آپ کو ایک حجرہ عنایت فرمایا جو مسجد نبوی کے مشرقی جانب تھا۔آپ کا حجرہ اور آپ کے حجرے کی خاصیت یہ تھی کہ آپ کے حجرے کا دروازہ بھی مسجد نبوی کے اندر کھلتا تھا اور مسجد نبوی یوں سمجھ لیں اس حجرے کا صحن تھا یعنی مسجد نبوی سے کوئی اندر آتا حجرے میں داخل ہو جاتا اور باہر حجرے سے نکلتا تو مسجد میں آجاتا اس طرح سے اس کا معاملہ تھا۔ایک حجرے آپ کو عطا کر دیا گیا۔(اللہ اکبر)

حضرت عائشہؓ کی عادت مبارکہ

حضرت عائشہ کا عملی کمال

آپ کی **عادت مبارکہ** تھی آپ حضور ﷺ کا درس سنا کرتی تھی کم سن کی عمر تھی بچپن سے ہی اللہ نے آپ کو حفظ کی اعلی صلاحیت سے نوازا تھا حفظ کی بڑی صلاحیت تھی جو سنتی حفظ ہو جاتا اس لیے تمام خواتین اسلام میں آپ سے بڑی حافظہ نہیں تمام مردوں میں سب سے بڑا جسے احادیثوں میں روایت کرنے کا آغاز حاصل ہے۔وہ حضرت ابو ہریرہؓ ہیں جن کی احادیثوں کی تعداد پانچ ہزار سے زیادہ ہے جبکہ خواتین میں سب سے زیادہ جس عورت نے احادیثوں کو روایت کیا ہے لکھا ہے کتابوں میں جس کی طرف سے احادیث آتی ہیں وہ حضرت عائشہؓ ہیں دو ہزار سے زائد احادیثوں کی روایت آپ کی طرف سے ہے اور وہ بھی آپ تھوڑا سا غور کریں حضرت ابو ہریرہؓ دن رات حضور کے ساتھ رہنے والے ہیں۔سفر ہیں ساتھ جنگ میں ساتھ ہیں آنے جانے میں بیٹھنے میں ساتھ ہیں لحاظ ان کو احادیثیں سننے کا زیادہ موقع ملتا تھا حضرت عائشہ کے پاس حضور ﷺ ہفتے میں صرف ایک دن آتے تھے نو بیویاں تھی۔جو حیات رہیں حضور ﷺ نے ایک ایک کر کے باری مقرر کی تھی تو ایک دن حضور ﷺ ہفتے میں آپ کے پاس آتے باقی آپ کتنی کوشش کیا کرتی آپ اندازہ کر لیں کہ آپ سے دو ہزار احادیثیں روایت ہیں کتنی کوشش فرمائی ہو گئی۔ایک دن جس شخص کو ملتا ہے ایک کے پاس ۲۴ گھنٹے رہتا ہے حضرت ابو ہریرہؓ سے پانچ ہزار سے زیادہ روایت ہیں۔حضرت عائشہؓ ہیں دو ہزار سے زائد احادیثوں کی روایت ہے یہ آپ کا علمی کمال ہے جو اللہ نے آپ کو عطا کیا ہر درس سنا کرتی تھا نہ سمجھ آتی تو پوچھ لیا کرتی تھی اور حضور ﷺ سے

جب تک اس کی تسلی کر نہ لیتی جان نہیں چھوڑتی تھی پوچھتی جاتی تھی کہ یہ فلاح آپ نے بات کی تھی اس کا کیا مطلب تھا۔ یہ فلاح آپ نے بات کہی اسکا اصل مقصد کیا تھا اس کے پیچھے کیا بات تھی پوچھتی بات کی کھال اتارنا آپ کی عادت تھی اور حضورﷺ کو یہ بڑا پسند تھا اور آپ بھی پھر خوب بیان کرتے جب آپ پوچھتی پھر حضورﷺ اس کا خوب تفصیل کھولتے لحاظہ آپ نے یہ نہیں کہا تھا کہ یہ مجھ سے زیادہ پوچھتی ہیں زیادہ محبت سے جواب دیا کرتے۔(اللہ اکبر)

حضرت عائشہؓ کا حجرہ مبارک

آپ کے حجرہ مبارک کی سادگی کا اندازہ کیجئے اللہ نے جو سعادت بخشی حضورﷺ کیذ وجہ ہونے کے بعد آپ کا حجرہ مسجد کے ساتھ تھا۔ دیواریں مٹی کی تھی۔ کجھوریں پتوں سے چھت ڈالی گئی اور چھت اتنا اونچا تھا اگر کوئی عام سے قد کا انسان کھڑا ہوتا تو وہ سر کے ساتھ اپنا ہاتھ اوپر کرتا تو اس کا ہاتھ چھت کو لگ جاتا ایک فٹ اتنا نارمل سا حجرہ جو مٹی سے بنا ہوا آپ کا ایک دروازہ تھا حجرے کا وہ بھی کھلا رہتا تھا۔ آپ نے موٹا سا کمبل اس کے آگے ڈال دیا تھا۔ دروازہ کبھی آپ نے بند نہیں فرمایا رات کو بند کرتی دن کو کھلا رہتا کیونکہ مسجد کی طرف کھلتا تھا ایک چار پائی ایک چٹائی ایک بستر ایک تکیہ آٹا اور کجھور کے صرف دو برتن پانی پینے کے لیے ایک برتن ایک پیالہ اور یہ تھی قل کائنات حضرت عائشہؓ کی اور چراغ موجود ہی نہیں تھا راتوں کو چراغ کبھی چلانے کی نوبت ہی نہیں آئی تھی اس لیے خان ودا نبوت میں کبھی اتنی دولت آئی ہی نہیں کہ چراغ جلایا جائے لحاظہ چراغ کی ضرورت ہی نہ آئی اس لیے چراغ موجود ہی نہیں تھا۔(اللہ اکبر)

حضرت عائشہؓ سے حضورﷺ کی محبت اور پیار کا انداز

یہ آپ کا علمی کمال ہے چونکہ حضورﷺ کا آپ کے ساتھ بڑا خاص پیار تھا صحابہ اکرام بھی اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ ایک دن حضورﷺ کا قیام ہوتا تو صحابہ کثرت سے تحفے تحائف بھیجا کرتے کہ آج حضورﷺ ہیں ان کی طرف تو کوئی دودھ بھیج دیتا کوئی کجھور بھیج دیتا کوئی پھل بھیج دیتا کہ حضور اپنی اس زوجہ کی طرف ہیں۔ جن کی طرف زیادہ رجحان ہے تو صحابہ اکرام حضرت عائشہؓ کے گھر بھیجا کرتے زیادہ تحفے تحائف یہ حضورﷺ کی محبت میں صحابہ ایسا عمل بھی فرمایا کرتے آقاﷺ کو ان سے اتنی محبت تھی کہ تمام بیویاں اس بات کو محسوس کرتی تھی کہ حضورﷺ کو زیادہ عائشہ کی طرف توجہ کرتے ہیں تو ایک بار ساری بیویاں اکٹھی ہوئی تو انہوں نے باقاعدہ حضرت فاطمہؓ سے ارشاد کیا کہ آپ یوں کریں کہ آپ جائیں اور حضورﷺ سے زرہ یہ کہے کہ ہمارا بھی خیال کرو ہمارا بھی دھیان کرو صرف ادھر ہے دھیان سارہ تو حضرت فاطمہ پہلے تو نہ مانی لیکن جب ساری بیویوں نے اکٹھا ہو کر کہا تو پھر آپ کو ماننا پڑا اور آپ حضورﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنی بات عرض کی کہ مجھے یہ پیغام دیا گیا ہے کہ آپ کا زیادہ رجحان حضرت عائشہ کی طرف ہے تو کچھ ہماری طرف بھی دھیان کیجئے تو

آقاﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے بابا کی جان کیا تمہیں بھی وہ پیارا نہیں ہے جو مجھے سب سے پیارا ہے تو آپ خاموش ہوگئی اور اپنے بابا کا یہ جواب سن کر آپ خاموش ہوگئی واپس آگئی اور فرمایا اب میں نہیں جانے والی حضرت ام سلمہ کو پھر بھیجا گیا آپ جائیں اور جا کر عرض کریں۔

آقاﷺ نے آپ کو بھی یہی جواب دیا:

اے ام سلمہ مجھے عائشہ کے بارے میں نہ پوچھو میں اس کے بارے میں تمہیں عرض نہیں کرسکتا اس لیے کہ عائشہ کے ساتھ جو میرا پیار ہے وہ میرا اور میرے رب کا دیا ہوا ہے تو حضورﷺ کا بے مثال محبت اور آپ کا ایک خاص قسم کی انسانیت کی کنیت تھی اسکی کچھ وجوہات ہیں۔

احادیث آقاﷺ نے ارشاد فرمایا:

''عورت سے چار چیزوں کی وجہ سے شادی کرو عورت سے چار چیزوں کی وجہ سے پسند کرو''۔

عورت کو چار چیزوں کی وجہ سے پسند کرو

حضورﷺ نے مرد کو باقاعدہ معیار۔ اصول دیا ہوا ہے اور آج کا دور چونکہ یہ چیز نظر انداز کی جاتی ہے تو فرمایا کہ ایک عورت کو چار چیزوں کی وجہ سے پسند کرو۔

(۱) مال (۲) حسن (۳) نعصب (۴) دینداری

حضرت عائشہؓ کا امتیاز

صحابہ نے جب سنا تو ان کے چہرے پر ہلکا سا سوال ابھرا ہی تھا کہ حضور سمجھ گئے کہ یہ کیا پوچھنا چاہتے ہیں اگر تم مجھ سے پوچھو تو دین دار عورت کو زیادہ پسند کرو جو دیندار ہے دین پر عمل کرنے والی ہے تو حضرت عائشہؓ کی محبت حضور کے ساتھ اور حضورﷺ کا آپ کی طرف زیادہ امتی ہونا اس کی بہت بڑی وجہ یہ تھی کہ آپ نے جتنی حضور کے ساتھ خدمت کی ہے۔ وہ کسی اور بیوی کو اس کی سعادت حاصل نہیں ہوئی۔ حضرت خدیجہؓ کا معاملہ تھوڑا سا الگ ہے۔ وہ اس وقت آپ کے ساتھ جب ابھی دین شروع ہوا جب ابھی معاملات چلے تو ان کو تو آپ کمپیٹشن میں رکھتیں نا لیکن جو زندہ تھی ان کے اندر سب سے زیادہ جو دین کی خدمت میں حضرت عائشہ تھی اور کوئی نہ تھا اور یہ حضور کو اتنا پسند تھا کہ آپ یہ کہا کرتے جو لوگ دین میں میرے ساتھ ہیں اصل میں وہی میرے ساتھ ہیں۔ دین دار بیوی کا انتخاب حضرت عائشہؓ کا امتیاز رہا کہ حضور کے ساتھ دین کی بڑی خدمت کی آپ نے آقاﷺ نے ایک دعا بھی مانگی ہے وہ بھی میں عرض کر دیتا ہوں۔

حضور ﷺ کو دنیا میں سب سے زیادہ پیارا کون ہے؟

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے اللہ! جو چیز میرے بس میں ہے میں اس میں عدل سے کبھی پیچھے نہیں ہٹا میں ہمیشہ عدل کرتا ہوں جو چیز میرے بس میں ہوتی ہے میں کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دیتا نہ کرتا ہوں لیکن مولا جو میرے بس میں ہی نہیں ہے تو قیامت کے دن مجھ سے اس کا حساب نہ لینا عائشہ سے محبت کرنا میرے بس میں ہی نہیں ہے میں اس سے پیار اتنا کرتا ہوں کہ یہ میری محبت ہی اتنی زیادہ ہے کہ میری میرے وہ بس میں ہی نہیں آتی میں کس کو جواب دوں مولا کہی قیامت کے دن تو مجھے اس حوالے سے کچھ کہنا نہیں میرے بس میں نہیں ہے یہ چیز اللہ اکبر پھر آقا ﷺ سے سوال کیا گیا کہ حضور آپ کو دنیا میں سب سے پیارا کون ہے بڑا خوبصورت سوال ہے حضور ﷺ نے فرمایا:

''عائشہ مجھے سب سے زیادہ پیاری ہے''

فرمایا حضور اس کے بعد فرمایا: عائشہ کا باپ مجھے سب سے پیارا ہے یعنی عائشہ ہر جگہ ہے لحاظ حضرت عائشہ فہم و مسائل میں دین کے درق میں دین کی خدمت میں معاملات میں حضور ﷺ کی دیگر بیویاں زیادہ حسین ہیں۔آپ کے وہ ہماری امات ہیں۔ ہماری مائیں ہیں اگر مال و دولت دیکھی جائے۔تو دیگر بیویوں کے پاس زیادہ مال تھا اگر حسب نعصب دیکھا جائے اور بھی بیویاں ہیں جن کا حسب و نعصب بہت اعلی ہے لیکن دینداری میں حضرت عائشہؓ سب سے بلند ہیں۔

حضرت عائشہؓ کا حضور ﷺ سے محبت اور پیار کا انداز

آپ کو آقا ﷺ سے جو محبت تھی اب آپ کی بھی محبت کا ایک زاویہ ہے جو آپ کو حضور سے تھی آپ کو حضور ﷺ سے محبت نہیں تھی یہاں جملہ مفسرین نے لکھا۔

''آپ کو حضور ﷺ سے عشق تھا'' محبت نہیں عشق تھا۔

محبت کی انتہا عشق ہوتی ہے بہت خیال رکھتی آپ کا جب آپ کے پاس حضور آتے چونکہ ایک ہی دن نصیب ہوتا تھا تو بڑا خیال رکھتی راتوں کو اٹھ اٹھ کر دیکھا کرتی ایک بار ایسا ہوا کہ حضور ﷺ رات کا وقت تھا تو آپ سو گئے تو حضرت عائشہؓ پچھلی رات کو آپ کی آنکھ کھولی تو آپ نے ٹٹولا بستر کو لیکن آپ کو موجود نہ پایا فورا دل میں خیال آیا کہ یقیناً اس وقت کسی اور بیوی کے پاس چلے گئے ہوں گے لیکن جونہی تھوڑا سا غور کیا دیکھا کہ اندھیرے میں کھڑے ہو کے حضور ﷺ نفل پڑھ رہے ہیں تو ساتھ ہی زبان سے بڑا پیار بڑا جملہ نکلا اور کہا

میرے ماں باپ آپ پر قربان میں کیا سوچ رہی ہوں اور آپ کس عمل میں ہیں۔آقا ﷺ اکثر اس طرح رات کو دیکھتے آپ سو گئی ہیں آپ اٹھتے اور آپ کی عادت مبارکہ تھی آپ جنت البقع تشریف لے جاتے ایسا ہی ایک رات ہوا آپ اٹھے اور جنت البقع چلے گئے حضرت عائشہؓ اٹھی اور آپ بھی ڈھنڈتی ہوئی جنت البقع پہنچ گئیں محبت کا اندازہ لگایئے رات کو کون سی بیوی راتوں کو گلیوں میں ڈھنڈتی گئی اپنے شوہر کون ایسا کرتا ہے کسی کے پاس محبت کا عالم ہو گا ٹھیک ہے آجائے گا یہی ذہن ہوتا ہے لیکن کمال ہے۔آپ اٹھتی اور قبرستان روانہ ہو گئی اور جا کے دیکھا کہ حضور ﷺ ہاتھ اٹھائے ہیں اور غلبا شب برات کا موقع تھا۔حضور ﷺ جنت البقع میں ہاتھ اٹھا کر دعا فرما رہے تھے جب آپ کو دیکھا تسلی ہو گئی اور واپس آئی تو حضور ﷺ سے پوچھا آپ قبرستان تشریف لے گئے تھے کہا آپ وہاں آئی تھیں کہا جی میں نے آپ کو دیکھا پیچھے آئی کہا ہاں میں نے بھی دیکھا کوئی چیز گزری ہے وہ تم ہی تھی اس قدر محبت اور پیار تھا کہ جاتی اور پیچھے رہتی پھر آقا ﷺ کے ساتھ اس طرح محبت تھی کہ اکثر حضور ﷺ آپ کے دانوں پر سر رکھ کے سو جاتے اور بارہا مرتبہ ہوا کہ حضور ﷺ کے اوپر وحی نازل ہوئی اور آپ کا سر حضرت عائشہ کے ذانوں پر تھا یا حضور کے ساتھ آپ بستر پر ہوتی تو وحی نازل ہو جاتی دیگر کسی بیوی کے ساتھ ایسا کبھی نہ ہوا نو خصوصیات حضرت عائشہ میں ایسی ہیں جو دیگر بیویوں میں نہیں ان میں سے ایک یہ ہے نزول وحی آپ کو حاصل تھا کہ آپ کے بستر پر حضور پر وحی آپ کو حاصل تھا کہ آپ کے بستر پر حضور ﷺ پر وحی ہوتی باقیوں پر ایسا نہیں تھا۔

حضرت صدیق اکبرؓ کا حضور ﷺ کے ساتھ ادب رسول کا سلسلہ

حضور ﷺ کی زندگی نارمل تھی آقا ﷺ کی کسی بات پر حضرت عائشہ کے ساتھ بحث ہو گئی تھوڑا سا طول آیا صدیق اکبرؓ کو بھی حضور ﷺ سے کوئی کام تھا اسی وقت آپ بھی آگئے آپ نے جب دیکھا کہ آپ کی صاحبزادی حضور ﷺ سے بحث کر رہی ہے۔اب بیوی تو اپنے حساب سے بات کر رہی ہوتی ہے اسکا تو ایک اور انداز ہوتا ہے صدیق اکبرؓ یہ برداشت نہ کر سکے چونکہ جو ادب رسول کا سلسلہ آپ کا ہے۔وہ کسی اور کا نہیں تو آپ نے ادب رسول میں ارشاد فرمایا اب تم مجھ سے بچو گی نہیں۔آپ نے باقاعدہ مارنے کے لیے ہاتھ اٹھایا اپنی بیٹی کو کہ تم نے حضور ﷺ کے سامنے اس طرح گفتگو کی ہے حالانکہ میاں بیوی کا آپس کا معاملہ ہوتا ہے سو باتیں ہو جاتی ہیں تو حضور ﷺ درمیان میں آگئے اور بچا لیا اور کہا آپ جایئے میں کرتا ہوں بات تو صدیق اکبرؓ چلے گئے آپ نے منہ حضرت عائشہ کی طرف فرمایا اور کہا دیکھا نہ میں نے تمہیں بچا لیا میں نے نہیں تو آج تیرا حشر ہو جاتا تو اس طرح بڑا پیار بھی تھا اور محبت تھی آپ بہت پیار فرماتے۔

آقا ﷺ اکثر فرمایا کرتے جب میں عائشہ کے پاس آتا ہوں تو میرے چہرے پر تبسم آجاتا ہے میں مسکرانا شروع کر دیتا ہوں اس کی جو چھوٹی چھوٹی معصومانہ باتیں ہیں وہ مجھے بہت اچھی لگتی ہیں۔(اللہ اکبر)

حضرت عائشہؓ کی عمر مبارک

چونکہ آپ کی عمر مبارک اتنی زیادہ نہ تھی کیونکہ نو سال کی عمر میں تو آپ کی رخصتی ہوتی ہے تو اس کی وجہ لکھی جاتی ہے تفاسیر کے اندر کہ آپ چونکہ عرب کا گرم علاقہ جو ہے وہاں نو سال کی عمر میں ہی اچھا خاصا انسان جوان ہو جاتا ہے لحاظہ یہ اس وقت آب وہوا بھی بہت اچھی اور دیگر معاملات خوراک بھی اچھی اس لیے نو سال کی عمر ایہ بڑی سہی عمر تھی شادی کے لیے اب چونکہ اس طرح کی غذائیں نہیں رہی

اس طرح آج وہ ماحول نہیں رہا اس لیے سائنس اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ اب وہ گروتھ نہیں کر رہی انسان کی جو چودہ سو سال پہلے تھی اس وقت لوگوں کی گروتھ زیادہ ہو جاتی تھی عمریں کم نظر آتی تھیں لیکن گروتھ بہت زیادہ تھی اس لیے نو سال کی عمر میں تو آپ کی شادی ہو جاتی ہے تو آپ کا ذہن ہی وہ نہیں تھا جس طرح میچور ہوتا ہے ایک بار ایسا ہوا کہ آقاﷺ تشریف لائے۔ آپ نے آٹا ان کے لیے گوندھا کھانا کھلاتی ہوں تو حضور تشریف لائے لیٹ گئے اور سو گئے۔ آپ نے بھی تھوڑا سا دیکھا چلو اٹھتے ہیں تو پھر دیتی ہوں آپ بھی لیٹ گئی آٹا ویسے ہی پڑا رہا بکری کوئی اندر آئی سارا آٹا کھا گئی حضورﷺ جب اٹھے تو آٹا ہی کوئی نا آپ نے فرمایا یہ کیا ہوا فرمایا میں تو سمجھی تھی ایسا نہیں ہوگا لیکن یہ جانور جو ہے نہ اب مجھے احتیاط کرنی پڑے گی اسطرح کے بھی معاملات ہوئے تو جو حضورﷺ کے تبسم کا باعث ہوتے اور آپ اس پر بہت خوش ہوتے۔ (اللہ اکبر)

حضرت عائشہؓ کی عادت مبارکہ

آقاﷺ کا طریقہ کار

پھر آپ کو اکثر آقاﷺ کے ساتھ ایک برتن میں کھانا کھانے کی عادت تھی یا اکثر کھاتی آقاﷺ کے ساتھ جہاں سے حضورﷺ دودھ نوش فرماتے وہی سے آپ بھی پیتی حضور جہاں سے وہ دودھ پیتی وہاں سے حضورﷺ برتن کے اس جگہ پر اپنے لب مبارک لگاتے تو یہ میاں بیوی کا ایک ایسا خوبصورت رشتہ اور ایسے پیارے کلمات ہیں۔ جن سے محبت کی ڈوریں باھندی ہوئی ہیں اور یہ بھی آپ نے فرمایا کئی دفعہ ایسا بھی ہوا کہ صحابہ اکرام کی جماعت کے ساتھ تشریف لے جا رہے تھے کسی غزوے پر جانا تھا حضور کی عادت تھی۔ آپ ہر غزوے پر اپنی ایک زوجہ کو ضرور لے کر جاتے تھے اور اس کی باقاعدہ قراندازی ہوتی تھی لفظ لکھ دیئے جاتے اور حضور پھر خود اٹھاتے ایک پرچی اس پر پھر جو نام ہوتا اسی بیوی کو ساتھ لے جاتے۔ یہ آقاﷺ کا طریقہ رہا۔ آپ کبھی بھی اکیلے غزوے میں نہیں گئے کسی سفر پر لمبے ہمشہ کسی بیوی کو ساتھ لیا آپ دس غزوے میں ساتھ تھی تو حضور کے ذہن میں کوئی بات آپ نے فرمایا:

اے صحابہ تم زرہ آگے چلے جاؤ دور ہو جاؤ صحابہ دور آگے چلے گئے حضورﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا چلو دوڑ لگاتے ہیں کوئی دیکھنے والا نہیں ہے۔ کوئی نہیں با پردہ ہے کوئی بات نہیں دوڑ لگائیں حضرت عائشہؓ نے دوڑ لگائی آقاﷺ جو ہیں۔ آپ کی عمر مبارک زیادہ تھی۔ حضرت عائشہؓ اس وقت کم سن تھی۔ جسم مبارک اتنا وزنی نہ تھا تو حضور سے آگے نکل گئیں دوڑ جیت گئیں دوڑ حضورﷺ سے جیت گئیں تو آقاﷺ محبوب خدا سے دوڑ میں آگے نکلنا بہت بڑی سعادت ہے تو حضور جو ہے آپ خاموش ہو گئے کچھ عرصہ گزرا تو آپ دوبارہ پھر ایک موقع آیا وقت چونکہ زیادہ ہو چکا تھا۔ آپ کا بھی جسم مبارک بھاری ہو چکا تھا عمر تھوڑی سی بڑھ گئی تھی۔ حضورﷺ نے پھر کہا آؤ دوڑ لگاتے ہیں۔ اب حضور آگے نکل گئے کہا عائشہ یہ وہ پچھلے دوڑ کا بدلہ نکال لیا میں نے وہ بدلہ اتر گیا آج جو تو پہلے جیتی تھی اس کا بدلہ ہے۔

یہ دیکھیں کیا یہ نارمل زندگی نہیں ہے یہ جو ایک عجیب وغریب ہم ایک زندگی گزارتے ہیں ایک ٹارزن جا کے گھر میں بن جاتے ہیں۔ عجیب وغریب ایک ڈرونا قسم کا باپ کا ایک تصور ہے یا خاوند کا ایک تصور ہے یہ وہ نہیں ہے یہ بڑا الی نیئٹ بڑا سادہ پیار والا باہر وہ محبوب خدا بھی ہیں۔ رسول بھی ہیں اللہ کے خاص نبیوں میں بھی ہیں ان کا ادب بھی بے شمار ہے لیکن جب گھر آتے ہیں تو آپ سے زیادہ نرم بھی کوئی نہیں ہے۔ آپ سے زیادہ کوئی خوش ذوق بھی نہیں ہے۔ آپ سے زیادہ کوئی معاف کرنے والا بھی نہیں ہے۔ آپ سے زیادہ کوئی محبت کی فضا خود قائم کرنے والا بھی کوئی نہیں ہے۔ اب جب میں یہ اکثر یہ بات کہا کرتا ہوں۔ جب میں یہ سوچتا ہوں تو یہ سب کچھ حضور خود ان کو موقع دیتے تھے تو ہوتا تھا اگر آقاﷺ تھوڑا سا سخت ہوتے تو ان کو موقع ہی نہ ملتا لیکن حضورﷺ نے ایسا موقع کبھی بنایا ہی نہیں اپنے گھر میں ٹینشن اور مار داڑ کی فضا قائم کی جائے ایک دوسرے کے اوپر گالیوں کی بچھاڑ اور جوتیاں مارنا اور بیوی کو چھوٹا سمجھنا ایسا حضور نے کیا ہی نہیں۔

بلکہ ایک احادیث کہہ کر حضورﷺ نے سند لگا دی اس بات پر:

”تم میں سب سے زیادہ اللہ کے نزدیک وہ ہے جو اپنی بیویوں کے حق میں سب سے اچھا ہے“۔

میں تم سب میں اپنی بیویوں کے حق میں سب سے زیادہ اچھا ہوں تو حضورﷺ نے یہ کہہ کر سند لگا دی کہ تم یہ ٹارزن شپ گھر سے باہر رکھو۔ یہ جو تمہارا جلات پن ہے نا یہ جو ڈکٹیٹر شپ کا جوزاویہ ہے۔ یہ جو تمہارا عجیب وغریب سختی چڑھ گئی ہے اس کو گھر سے باہر رکھو اندر اس کو نرمی میں بدلوا گر تم گھر میں جاؤ تو تمہاری وجہ سے بچوں کے چہرے پر خوشیاں آ جائے۔ تمہارے اندر جانے سے تمہارے ماں باپ کے چہرے کھل اٹھے تمہارے بہن بھائی خوش ہو جائے بجائے بڑے آ گئے ہیں۔ اسے سیدھے ہو جاؤ بند کر دو ٹی وی بھی لائٹ بھی بند کر دو سو جاؤ سارے والد صاحب آ گئے ہیں۔ خاوند آ گیا ہے یہ کوئی ---

جب تک ہم اس طرح کی زندگی میں نہیں آئے گے نہ ہماری اندر کی زندگی بہتر نہیں ہو سکتی۔ (اللہ اکبر)

حضرت عائشہؓ کا عبادت کا انداز

یہ حضرت عائشہؓ کا معاملہ جو حضور کے ساتھ محبت کا تھا۔ پھر آپ کی ایک اور عادت مبارکہ جو آپ کی سیرت میں ہے حد ہو گئی ہے۔ عبادت الہی میں آپ کا کوئی ثانی نہیں اور عبادت کرنے کا انداز بہت پیارا تھا۔ آپ جب حضور آتے ہیں گھر میں تو آقاﷺ چونکہ آپ کی ساری زندگی عادت رہی کہ آپ نے تہجد پڑھی ہے اور تہجد آپ پر فرض تھی۔ آپ پر چھ نمازیں فرض ہیں۔ حضورﷺ ہم جیسے نہیں ہیں نہ شرعی طور پر نہ جسمانی طور پر آپ ہم جیسے نہیں ہیں بعض کہتے ہیں ہو تو ہم جیسے ہی ہیں تو لحاظ کیا ضرورت ہے ہم اتنا ادب کیوں کرتے ہیں ہمارے جیسا انسان تجھے کس نے کہہ دیا ہمارے جیسا انسان کا نام کلمے میں آ سکتا ہے حضورﷺ کا نام کلمے میں ہے۔ تیرے اوپر ۵ نمازیں فرض ہیں۔ حضورﷺ پر چھ نمازیں فرض تھیں زکوۃ تجھ پر فرض ہے حضورﷺ پر زکوۃ فرض ہی نہیں تھی۔ آقاﷺ جان ایمان ہیں اور تو ایمان لاتا ہے حضورﷺ خود ایمان ہیں۔

آقاﷺ کی خاصیت

آقاﷺ کی خاصیت تھی کہ آپ تہجد پڑھا کرتے تھےتو دوسرا یہ کہ راتوں کولمبی لمبی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ یہ بھی آپ کی عادت تھی۔تہجد میں آپ خاص طور پر اہتمام کرتے تھے۔لمبی تلاوت کا تو حضرت عائشہ کی عبادت کا انداز دیکھے وہ کیا ہے آپ خصوصی اہتمام کرتی حضورﷺ کے لیے با قاعدہ پہلے تو وضو کا پانی اگر سردیاں ہوتی تو گرم کرتی اور اگر گرمیاں ہوتی تو باقاعدہ ٹھنڈا پانی مہیا کرتی اور مصالحہ بچھا اور دیگر اہتمام کرنا حضورﷺ کے لیے یہ آپ کی عادت تھی جب آپ آ جاتے جب آپ نے وضو کرنا ہوتا تو آپ بھی وضو فرماتی اور حضورﷺ امام بنتے اور حضرت عائشہ ؓ مقتدی بن جاتی تہجد میں امام حضور ہیں ہر نماز اپنی جگہ بڑی اعلی ہے لیکن تہجد کا کوئی ثانی نہیں۔اللہ کی خاص رحمتوں کا نزول ہے۔

آقاﷺ نے فرمایا اللہ فرماتا ہے کہ

میں پچھلی رات میں پہلے آسمان پر آتا ہوں وہ تہجد کا وقت ہے۔اس وقت کوئی مجھ سے جو بھی مانگیں رزق مانگیں اولاد مانگیں اپنا کوئی بھی مسئلہ میرے سامنے رکھ دے میں حل کردوں گا یہ میرا وعدہ ہے۔ ہر رات آتا ہوں۔تہجد کا وقت ہوتا۔ نبی کریمﷺ اٹھ کے نماز پڑھتے اور وہ امام ہے اور اس کے پیچھے مقتدی بنی ہے حضرت عائشہؓ ہیں کتنا نور جذب ہوتا ہوگا حضورﷺ تلاوت کرتے ہیں۔سورۃ البقرہ کی لمبی تلاوت کرتے ہیں۔سورۃ آل عمران کی لمبی تلاوت کرتے ہیں۔سورۃ النساء کی لمبی تلاوت ہوتی ہے اور اس میں کتنی درد کی آیتیں ہیں فرماتے ہیں کہ سیرت میں ہے کہ بعض آیتیں ایسی گزری کہ حضورﷺ بھی رو رہے ہیں اور پیچھے حضرت عائشہؓ بھی رو رہے ہیں اور دونوں رو رہے ہیں اور اس طرح کا روحانی منظر کئی راتوں کو رہا کئی راتیں اس طرح آپ کی حضورﷺ کے ساتھ گزرتی ہیں اور مسلسل عبادت میں حضورﷺ کے ساتھ امامت حضور کی مقتدی حضرت عائشہؓ اور آپکو اتنی عادت تھی کہ حضورﷺ کے ساتھ جماعت میں شامل ہونے کا اتنا شوق تھا کہ حضور مسجد نبوی میں جماعت قائم کرتے ہیں۔آپ کا حجرہ مسجد نبوی کے ساتھ تھا تو صحابہ کی لائن حجرے تک پہنچ جاتی۔ جو مسجد نبوی میں ہوتے حضرت عائشہ ؓ اتنا شوق رکھتی کہ آپ حجرے میں ہی حضورﷺ کے پیچھے جماعت میں شامل ہو جاتی۔(اللہ اکبر) کہہ کر جمعہ بھی حضور کے پیچھے پڑتی نمازیں بھی حضور کے پیچھے پڑتی۔اسی طرح عبادت کا انداز رہا شوقین رہی اسی طرح آقاﷺ کے ساتھ چاشت پڑھنا بھی آپ کا پسندیدہ عمل تھا یہ چھ بجے کے بعد چار نفل ہوتے ہیں یہ پڑھے جاتے ہیں۔حضورﷺ چونکہ اس کا بھی اہتمام کرتے تھے تو آپ کو بھی چاشت کی نماز بڑی پسند تھی آپ پڑھا کرتی تھی۔

حضرت عائشہؓ کا پسندیدہ عمل

روزہ رکھنا آپ کا پسندیدہ عمل تھا اکثر روزے سے ہوتی۔حضورﷺ جب مسجد میں اعتکاف کرتے تھے تو آپ محبت رسول میں اتنے دن رہا تو جاتا نہیں تو لحاظہ عشق بھی بے حد تھا تو آپ نے اجازت لی۔حضورﷺ سے اور اپنا خیمہ ہی مسجد نبوی کے صحن میں لگوا لیا کہ میں بھی اعتکاف کروں گی۔حضورﷺ صبح فجر کے بعد آپ کے خیمے میں قیام کرتے اور پھر آپ اپنے حجرے میں تشریف لے جاتے اندر تو جو ہے اگلے سال ایسا ہوا جب آپ نے دوبارہ حجرہ لگایا تو دیگر ازواج نے بھی اس کی نقل کی کہا اگر آپ لگا سکتی ہیں تو ہم بھی لگا سکتی ہیں تو صبح حضورﷺ اٹھے تو مسجد نبوی کے صحن میں کئی حجرے لگے ہوئے تھے تو آپ نے پوچھا یہ کیا ہے فرمایا حجرے ہیں اور آپ کی ازواج کے ہیں۔آپ نے فرمایا کہ یہ اجازت نہیں ہے تو پھر آپ نے محبت سے انھیں بھیج دیا نہیں نہیں آپ گھروں میں اعتکاف کریں یعنی اس حد تک عشق میں تھی نہیں میں نے ساتھ ہی رہنا ہے اعتکاف بھی آپ کے ساتھ کرنا ہے ایک اور اہم چیز ہے شادی شدہ بچیاں آپ کے ساتھ اس وقت دس خواتین تھی ایسا پہلو ہے اس پر آ کر عورت کی عقل بند ہو جاتی ہے۔سوکن کے ساتھ سلوگ اچھا کرنا یہ سمجھے انسان فرشتے سے بھی آگے نکل جاتا ہے آج کے دور میں سوکن کو برداشت کرنا اور اس کے لیے اچھے الفاظ بولنا سوکن کے لیے دعا کرنا یہ کہاں لکھا ہے آؤں میں بتاؤں

حضرت عائشہؓ کا سوکنوں کے ساتھ سلوک

حضرت عائشہ ؓ نے اپنی سوکنوں سے کیا سلوک کیا۔

دس بیویاں حضورﷺ کی زندہ تھی جب حضرتﷺ کا سارا سلسلہ بنا آگے شادیاں فرماتے چلے گئے۔حضرت عائشہؓ کے بعد نو شادیاں مزید فرمائی ایک کو طلاق ہوئی ایک کا وصال ہوا اس طرح نو بیویاں اور آپ کے ساتھ آٹھ سوکنیں موجود تھی۔جن کا آپ کے ساتھ رہا معاملہ حضرت عائشہ ؓ نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا وہ ضرب مثل ہے حضرت خدیجہ چونکہ پہلے ہی وصال فرما چکی تھی لیکن آپ نے ان کے لیے بہت دعا مانگی ہے اور آپ فرمایا کرتی ہیں کہ میں حضور سے حضرت خدیجہ کا ذکر سنتی حضور جس طرح حضرت خدیجہ کی بات کرتے تھے اور جب حضور حضرت خدیجہ کی بات کرتے جس طرح ان کے چہرے پر محبت اور پیار آ جاتا تھا مجھے بار بار یہ خیال آیا کہ کاش ان کی جگہ میں ہوتی اس قدر آقاﷺ کو حضرت خدیجہ سے محبت ہوتی اور یہ الفاظ حضرت خدیجہؓ کے لیے استعمال کیے جب وہ دنیا سے رخصت ہو چکی ہوتی تھی پھر حضرت سوداؓ جو حضورﷺ کی ذوجہ ہیں ان کے بارے میں بھی آپ نے کہا سودا حضور کی ایسی بیوی ہیں کہ میرا جی چاہتا ہے کہ میری جان سودا کے جسم میں ہوتی اس قدر مجھے ان سے محبت ہے کہ جان میری ہوتی جسم سودا کا ہوتا اتنا وہ مجھے ان کے اعمال سے محبت ہے حضرت سودا کے لیے بہت اچھے الفاظ بولے حضرت حفصہ ؓ سے بڑی محبت فرمائی جو حضرت عمر کی بیٹی ہیں جو حضورﷺ کی زوجہ بھی ہیں۔حضرت جویریہؓ کے بارے میں آتا ہے کہ حضورﷺ کی تمام امات المومنین میں جن میں اللہ تعالی نے بہت حسن عطا کیا ہوا تھا ان میں حضرت جویریہ کا نام سرفہرست ہے تو حضرت کیساتھ بھی آپ کا بڑا الفت اور پیار کا معاملہ رہا اور اکثر تحفے تحائف بھیجا کرتی اور کبھی کھانے کی چیز ہوتی تو آپ جویریہ کو بھیج دیتی اور وہ آپ کو بھیج دیتی اس سوکنوں کے ساتھ ایک آئیڈیئل رویہ حضرت عائشہؓ کا تھا جو کسی حالت میں بھی ایک واقعہ بھی ایسا سیرت میں نہیں نظر آتا کہ کسی جگہ لڑائی ہوئی ہو اور آپ کا تلاخی کسی سوکن نے آپ میں لڑائی ہو۔

واقعہ عفک اسلام کی تاریخ میں

واقعہ عفک اسلام کی تاریخ میں نازک واقعہ ہے اس کو سمجھنا چاہیے یہ کیا ہوا تھا معاملہ کیا تھا۔اس کا قرآن میں ذکر بھی ہے اور با قاعدہ آیات اتری ہیں۔حضرت عائشہ ؓ کی تطہیر کے اندر جو آیتیں اتری ہیں۔ان

